ضروری اطلاع برائے داخلہ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات کے داخلے یکم ربیع الاوّل سے پندرہ ربیع الثانی تک ہوں گے۔ سولہ ربیع الثانی سے تیس ربیع الثانی تک ڈبل فیس وصول کی جائے گی۔ بعد میں آنے والا فارم مسترد کردیا جائے گا۔ جامعات و مدارس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مقررہ تاریخوں میں داخلے مکمل کرالیں۔ نیز سند الحاق کی فوٹو کاپی یا الحاق نمبر داخلہ فارم کے ساتھ بھیجنا لازمی ہے۔

داخلہ فیس:

متوسطہ، حفظ = ۸۵ روپے، عامہ بنین و بنات = ۹۰ روپے، خاصہ بنین و بنات = ۹۵ روپے

عالیہ بنین و بنات = ۱۱۵ روپے، عالمیہ بنین و بنات = ۱۴۵ روپے

داخلہ فیس فارموں کے ساتھ بھیجنا لازمی ہے۔ رسید کٹنے کے بعد فیس واپس نہ ہوگی، چاہے امتحان میں شامل ہو یا نہ ہو۔

وصولی واجبات:

تمام واجبات بشمول داخلہ فیس صرف اصل ڈرافٹ کی صورت میں وصول کئے جائیں گے۔ نقد، منی آرڈر یا کسی بھی دوسری صورت میں واجبات وصول نہیں کئے جائیں گے۔ نقصان کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔ داخلہ فیس اور سالانہ فیس کے لئے علیحدہ علیحدہ ڈرافٹ بنام وفاق المدارس (اکاؤنٹ نمبر 1930- مسلم کمرشل بینک کینٹ برانچ ملتان) بنوائیں۔ داخلہ فارموں کے ساتھ تعداد طلباء اور فیس کی تفصیل درج ذیل جدول کے مطابق فراہم کریں۔ نیز اس جدول (نقشہ) کے ہمراہ اصل ڈرافٹ بھی ارسال کریں۔

نام مدرسہ مع پتہ	الحاق نمبر	تعداد طلباء	تعداد طالبات ....
فیس فی کس	کل طلبہ کی فیس	ڈرافٹ نمبر	داخلہ فیس کا ڈرافٹ نمبر ....
سالانہ فیس کا ڈرافٹ نمبر	زرِ سالانہ سہ ماہی وفاق المدارس	میزان	

سالانہ فیس:

تحفیظ تا متوسطہ -/۴۰۰ روپے، ثانویہ -/۶۰۰ روپے، عالیہ -/۱۲۰۰ روپے، جامعات -/۱۸۰۰ روپے

الحاق باقی رکھنے کے لئے سالانہ فیس بھیجنا ضروری ہے۔ چاہے امتحان دینے والے طلباء ہوں یا نہ ہوں۔ ہر مدرسہ اپنے فوقانی درجے کی سالانہ فیس ادا کرے گا۔ تحتانی درجات اس کے ذیل میں آئیں گے۔ یعنی نچلے درجوں کے لئے الگ فیس ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔

سہ ماہی "وفاق المدارس":

سہ ماہی "وفاق المدارس" کا زرِ سالانہ ۱۰۰ روپے ہے۔ زرِ سالانہ برائے سہ ماہی "وفاق المدارس" سالانہ فیس کے ساتھ ارسال کیا جائے۔